پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

جماعت۔ نہم	مضمون۔اُردو لازمی	کتاب کا نام۔اُردو لازمی
سبق کا نام۔کاہلی	صفحہ نمبر۔14 تا 19	پہلی سہ ماہی

1۔ مختصر جواب دیں۔

(الف) دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا مطلب یہ ہے کہ انسان اپنی عقل و ذہانت کو پس پشت ڈال دے اور بوقت ضرورت عقل کو استعمال میں نہ لائے۔

(ب) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

جواب: اگر انسان عارضی ضرورتوں کا منتظر رہے اور اپنے دلی قویٰ کے بے کار ڈال دے تو وہ نہایت سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے۔

(ج) کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا کیوں لازم ہے؟

جواب: کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا لازم ہے تاکہ ہم کو اپنی تمام ضروریات کے انجام کرنے کی فکر اور مستعدی رہے۔

(د) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

جواب: جب قوم کاہلی چھوڑ دے گی اور دلی قویٰ اور عقلی قوت سے کام لے گی تب قوم کی بہتری ممکن ہے۔

سوال نمبر 4۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔

جواب:

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
کاہلی	چستی	عقل	بے عقل / جُہَل	عارضی	مستقل
وحشی	مہذب	شک	یقین	مصروف	فارغ

سوال نمبر 6۔ اعراب لگا کر درست تلفظ واضح کریں۔

جواب: کَاہِل، قُویٰ، طَبِیعَت، تَحرِیک، رَفع

نوٹ

سوال نمبر 8،7،5،3،2 طلباو طالبات سبق کے مطالعے کے بعد خود حل کریں اور صفحہ 19 پر موجود "انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات" پر ایک مضمون بھی انٹرنیٹ سے تلاش کر کے لکھیں۔

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

جماعت۔ نہم	مضمون۔اُردو لازمی	کتاب کا نام۔اُردو لازمی
سبق کا نام۔کاہلی	صفحہ نمبر۔14 تا 19	پہلی سہ ماہی

متفرق سرگرمیاں

سرگرمی نمبر1

درج ذیل جملوں میں درست کے آگے (✓)اور غلط کے آگے (×)کانشان لگائیں۔

1 کاہلی ایک ایسا لفظ ہے جس کے معنی سمجھنے میں لوگ غلطی کرتے ہیں۔

2۔یہ سچ نہیں ہے کہ لوگ پڑھتے ہیں اور پڑھنے میں ترقی بھی کرتے ہیں۔

3۔ہاتھ پاؤں کی محنت،اوقات بسر کرنے اور روٹی کما کر کھانے کے لیے ضروری نہیں۔

4۔دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینا سب سے بڑی کاہلی ہے۔

5۔ محنت مزدوری کرنے والے لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔

سرگرمی نمبر2

درج ذیل سوالات کے جواب سبق سے تلاش کر کے لکھیں۔

1۔مصنف کے نزدیک سب سے بڑی کاہلی کیا ہے؟وضاحت سے جواب دیں۔

جواب:____

____

____

2۔کیا وجہ ہے کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں؟

جواب:____

____

____

سرگرمی نمبر3

الفاظ کے متضاد لکھیے۔

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
اندرونی		انسان		سُست	
زندہ		خصوصاً		ترقی	